16

# پھولی روٹی


جمال کی ماں باورچی خانے میں کھانا بنا رہی تھیں۔ جمال ماں کو دیکھ رہا تھا۔ جمال کا دوست مدن برتنوں کے ساتھ کھیل رہا تھا۔ ماں روٹی بنا رہی تھیں۔

جمال بھی روٹی بنانا چاہتا تھا۔ اس نے ماں سے آٹا مانگا۔ ماں نے اسے چھوٹی سی لوئی



© NCERT not to be republished

دے دی۔ جمال روٹی بیلنے لگا۔ اس نے روٹی پر سوکھا آٹا لگایا۔ جمال سے روٹی گول نہیں بن رہی تھی۔ روٹی گول کرنے کے لیے مدن نے جمال کو کٹوری دی۔



جمال نے کٹوری روٹی پر رکھ کر گھما دی۔ روٹی گول ہو گئی۔ پھر ماں نے روٹی سینک دی۔ جمال کی روٹی خوب پھولی۔ جمال اور مدن روٹی کھانے لگے۔

(صرف پڑھنے کے لیے)



© NCERT not to be republished